| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: روزہ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رُکن ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ روزہ کا مختصر اً تعارف دیں کہ روزہ دینِ اسلام کا اہم رکن ہے روزے کا مطلب ہے دن بھر کھانے پینے اور جن کاموں سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے، باز رہا جائے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 16 کھولنے کی ہدایت دیں۔ سبق کے پہلے پیرا گراف کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ روزہ دینِ اسلام کا تیسرا اہم رکن ہے جو دو ہجری کو فرض ہوا۔ روزے کو عربی زبان میں صوم کہتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر صوم کے معنی نمایاں کر کے لکھیں۔ "رُک جانا یا باز رہنا"۔
- طلبہ کو بتائیں کہ روزہ سے مراد صبح صادق سے لے کر سورج غروب ہونے تک کھانے پینے اور ان تمام کاموں سے رُکے رہنا ہے جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔ روزہ ہر عاقل اور بالغ مسلمان پر فرض ہے۔
- طلبہ کو روزہ رکھنے کی فضیلت قرآن اور حدیث کی روشنی میں سمجھائیں۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کر دیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلی امتوں پر فرض کئے گئے تاکہ تم متقی ہو جاؤ۔(سورۃ البقرۃ، آیت ۱۸۳)۔ قرآن مجید کی اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ روزہ پہلی امتوں پر بھی فرض رہا ہے اور امتِ محمدیہ پر بھی فرض کر دیا گیا ہے یعنی روزہ کسی نہ کسی صورت میں تمام مذاہب میں موجود رہا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں روزہ ڈھال ہے اور یہ قیامت کے دن اپنے رکھنے والے کی سفارش کرے گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وأصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

ابن آدم کے تمام عمل دس گنا سے سات سو گنا تک شمار ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مگر روزہ، کہ وہ میرا ہے اور میں ہی اس کا اجر دیتا ہوں۔(بخاری و مسلم)

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بالغ | بَا۔ لغ | جوان |
| عاقل | عا۔ قل | ہوشیار |
| فرض | فَرَض | وہ کام جو خدا کے حکم سے ضروری ہو۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

تختہ تحریر پر جزو(1) کے پہلے دو سوالات کے جوابات لکھیں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ ان جوابات کو کاپی پر اتاریں اور یاد کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

ارکانِ اسلام درست ترتیب کے ساتھ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:9 دوسرا دن | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: روزہ | باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں:

الف: صوم کے کیا معنٰی ہیں؟

ب: روزے سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کو بتائیں کہ روزہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کا ایک مسنون طریقہ ہے اس کی ابتدا صبح صادق سے ہوتی ہے اور سورج غروب ہونے پر روزہ کھول لیا جاتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 16 کھولنے کی ہدایت دیں اور سبق کے دوسرے پیرا گراف کا متن پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جس طرح پہلی اُمّتوں پر روزے فرض کیے گئے تھے۔ اسی طرح امتِ محمدیہ پر بھی رمضان المبارک کے مہینے میں روزے فرض کیے گئے۔
- تختہ تحریر پر لکھیں "روزہ ہر بالغ اور عاقل مسلمان پر فرض ہے"۔
- طلبہ کو سحری اور افطاری کے بارے میں بتائیں مسلمان رات کے آخری حصے میں نمازِ فجر سے پہلے جو کھانا کھاتے ہیں اسے سحری کہتے ہیں پھر شام کے وقت سورج غروب ہونے پر مغرب کی اذان کے ساتھ روزہ کھول لیا جاتا ہے اسے افطاری کہتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ سحری اور افطاری کرنا باعثِ برکت ہے۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ''سحری کھاؤ کیونکہ سحری کھانے میں برکت ہے''۔

(صحیح بخاری:1923)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

''میری امت کے لوگ بھلائی پر رہیں گے جب تک وہ روزہ جلد افطار کرتے رہیں گے''۔(صحیح مسلم)

اسی طرح روزہ دار کو روزہ افطار کروانے کی بھی بہت فضیلت ہے:

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ''جس شخص نے کسی روزہ دار کو افطار کروایا تو اس شخص کو بھی اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا ثواب روزہ دار کے لیے ہوگا اور روزہ دار کے اپنے ثواب سے کچھ بھی کمی نہیں کی جائے گی۔(سنن ترمذی)

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فضیلت | فَ۔ضی۔لَت | بڑائی، برتری |
| ابتدا | اِب۔تِ۔دا | آغاز۔شروع |
| مسنون | مَس۔نُون | وہ کام جسے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے خود کیا ہو۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

صفحہ نمبر 17 سے جزو(2) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ سحری اور افطاری میں کیا کھانا پسند کرتے ہیں؟ فہرست بنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:__________** | **مضمون:اسلامیات** | **سبق:روزہ** |

سوال 1: کیا آپ نے کبھی روزہ رکھا ہے؟ اپنے روزے کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

_______________

_______________

_______________

_______________

_______________

_______________

_______________

_______________

_______________

_______________

_______________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 9 تیسرا دن | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: روزہ | باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں روزہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کا مسنون طریقہ ہے اور یہ مسلمانوں پر ایک مخصوص مہینے میں فرض ہوا ہے اس مہینے کو رمضان کہتے ہیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم روزے کی اہمیت اور رمضان المبارک کی فضیلت کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 16 کھولنے کی ہدایت دیں اور اس صفحے کے آخری پیرا گراف کا متن پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کی دہرائی کروائیں اور معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں رمضان المبارک نواں اسلامی مہینا ہے یہ مہینا رحمتوں اور برکتوں والا ہے اللہ تعالیٰ اس مہینے میں نیکیوں کے ثواب کو ستر گنا تک بڑھا دیتا ہے اس مہینے میں جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: جب رمضان کا مہینا آتا ہے تو رحمت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ (صحیح مسلم: 2496)
- طلبہ کو اس مہینے کی اہمیت سے مزید آگاہ کریں کہ اس مہینے میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے۔ روزہ رکھنے سے معاشرے کے تنگ دست لوگوں کی تکلیف کا احساس پیدا ہوتا ہے اور ان کی مدد کا جذبہ پروان چڑھتا ہے اور معاشرے میں نیکی اور ہمدردی کی پاکیزہ فضا قائم ہوتی ہے۔

- طلبہ کو بتائیں مسلمان اس پورے مہینے میں روزے رکھتے ہیں قرآن مجید کی کثرت سے تلاوت کرتے ہیں۔ رمضان المبارک کا مہینا دراصل گناہوں سے بخشش کا ذریعہ ہے۔
حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے اس کے گزشتہ سارے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ (صحیح بخاری: 38)
- طلبہ کو بتائیں اس مہینے کی آخری دس راتوں میں ایک رات ایسی آتی ہے جو ہزار راتوں سے افضل و بہتر ہے اسے لیلۃ القدر یعنی قدر والی رات کہتے ہیں۔ اس رات کی عبادت کا ثواب ہزار مہینوں کی عبادت سے زیادہ ہے۔
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرنے کی کوشش کریں تاکہ اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو اور ہم زیادہ سے زیادہ اس مبارک مہینے میں برکت سمیٹ سکیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| احساس | اِح۔ساس | تصوّر۔خیال |
| جذبہ | جذ۔بہ | ولولہ |
| ہمدردی | ہم َ۔دردی | دردمندی۔غم خواری |
| ثواب | ثَ۔واب | نیک کام کا بدلہ جو آخرت میں ملے گا۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سبق کے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور جانچیں کہ ان کو کس حد تک سبق کی سمجھ آ گئی ہے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اسلامی مہینوں کے نام جانیں اور اساتذہ کرام کی مدد سے ان کو چارٹ پیپر پر لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: __________ | مضمون: اسلامیات | سبق: روزہ |
|---|---|---|

سوال 1: روزے سے متعلق دی گئی درست باتوں میں سبز رنگ بھریں۔

- روزہ مسلمانوں پر فرض ہے
- روزہ دینِ اسلام کا دوسرا رکن ہے۔
- روزے کو عربی زبان میں صوم کہتے ہیں۔
- روزہ میں کھایا پیا جا سکتا ہے۔
- روزہ اللہ تعالیٰ کی خوشی کے لیے رکھا جاتا ہے
- مسلمان شوال کے مہینے میں روزے رکھتے ہیں۔
- روزہ رکھنے سے رشتہ داروں سے ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
- رات کے آخری حصے میں کھانا کھانے کو افطاری کہتے ہیں۔